© rasailojaraid.com



لکھے ہیں۔ صحیفہ کے یہ خاص نمبر غالبیات میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہیں۔

قیمت: حصہ اوّل دس روپے حصّہ دوم دو روپے ۵۰ پیسے۔

## رجحان سہ ماہی

رجحان کا یہ پہلا شمارہ ہے۔ جو کراچی سے اپریل سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ اس کے مدیرِ اعلیٰ مشہور اہلِ قلم محمد ہادی حسین صاحب ہیں۔ رسالے کے اجرا کے مقاصد میں سے ایک مقصد یہ بتایا گیا ہے کہ رجحان زیادہ تر جدید اور معاصر عالمی ادب کی آئینہ داری کرے گا۔ زیرِ نظر شمارہ میں اس سلسلہ کے کئی ایک مضمون شامل ہیں۔ اخوان الصفا، ابن باجہ اور جدید عربی شاعری پر بڑے اچھے مضامین ہیں۔ غالب کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر دلچسپ فیچر ہے۔ رجحان کا یہ پہلا پرچہ ہے۔ اُمید ہے وقت کے ساتھ ساتھ یہ اور ترقی کرے گا۔ اور اس کی کتابت و طباعت بھی بہتر ہو جائے گی۔ قیمت فی پرچہ: ۳ روپے۔

ملنے کا پتہ، میسرز کریم سنز۔ کلے ٹن روڈ۔ کراچی۔

## دیوانِ برہمن

مغل شہنشاہ شاہ جہاں کے دور کے مشہور شاعر اور انشا نگار (منشی) چندر بھان برہمن کا یہ "دیوان پارسی" ہے، جو بہ تصحیح و تحشیات و مقدمہ، از ڈاکٹر محمد عبد الحمید فارانی رئیس شعبہ فارسی و اردو فرہنگ و ثقافت) اسلامی گجرات کالج احمد آباد، (بھارت) سے شائع کیا گیا ہے۔ فارسی متن کے ساتھ ۴۲ صفحے کا انگریزی زبان میں ایک ضمیمہ ہے، جس میں شاعر کے تاریخی عہد، اس کے حالاتِ زندگی اور اس کی تصنیفات پر عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ اور "برہمن کی شخصیت" اور اس کی ادبی اور شاعرانہ خصوصیات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

چندر بھان برہمن محض ایک شاعر و ادیب نہ تھے۔ بلکہ وہ مغل سلطنت کے اہم عہدے دار بھی تھے جس کے ذمہ زیادہ تر وقائع نگاری اور منشی کے فرائض تھے۔ اور شاید ایک آدھ بار انھوں نے "ڈپلومیٹ" کی خدمت بھی انجام دی۔ انھوں نے کوئی چالیس سال پہلے مغل سرداروں اور پھر خود شاہ جہان کے دربار کی ملازمت میں گذارے۔ اس تمام عرصے میں اُن کی شاعرانہ اور انشا پردازانہ سرگرمیاں بھی جاری رہیں اور انھوں نے دیوان پارسی

© rasailojaraid.com